Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu) III Semester Examination - December - 2018

Paper : MAUR304CCT : Ghair Afsanvi Adab ki Ahem Asnaf ka Mutalia

پرچہ : غیرافسانوی ادب کی اہم اصناف کا مطالعہ

Time : 3 hrs | Marks : 70

563

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) یہ مصرعہ کس کا ہے۔ کہا جاپان کا ڈر ہے کہا جاپان تو ہوگا

(a) ابن انشا (b) ہری چند اختر (c) عمیق حنفی (d) زبیر رضوی

(ii) بدایوں کو مدینۃ الاولیا اور............. بھی کہا جاتا ہے۔

(a) گنج شہیداں (b) روضہ اولیا (c) پیراں شہر (d) پیروں کا شہر

(iii) ''ہر چند قاعدۂ عام یہ ہے کہ عالم آب وگل کے مجرم عالم ارواح میں سزا پاتے ہیں لیکن یوں بھی ہوا ہے کہ عالمِ ارواح کے گنہگار کو دنیا میں بھیج کر سزا دیتے ہیں۔'' یہ قول کس کا ہے؟

(a) غالب (b) اقبال (c) ابوالکلام آزاد (d) شبلی نعمانی

(iv) مسز آسانو کوان کے نام کے اردو معنی کس نے بتائے تھے

(a) پروفیسر سوزوکی (b) مجتبی حسین (c) ابن انشا (d) حسن الدین احمد

(v) غالب نے کس خاندان کی تاریخ لکھی۔

(a) مغل خاندان (b) خاندان تیموریہ (c) خانوادہ صوفیہ (d) مملوک خاندان

(vi) یادوں کی برات کیا ہے۔

(a) سفرنامہ (b) خودنوشت (c) سوانح (d) خاکہ

P.T.O

(vii) چند ہم عصر کا مصنف کون ہے۔

(a) محمد حسین آزاد (b) ڈپٹی نذیر احمد (c) شاہد احمد دہلوی (d) مولوی عبدالحق

(viii) فرحت اللہ بیگ کس کے ساتھ ڈپٹی نذیر احمد کے یہاں پڑھنے جاتے تھے۔

(a) جیلانی (b) ربانی (c) میاں دانی (d) حقانی

(ix) غبار خاطر کے خطوط کہاں سے لکھے گئے تھے۔

(a) لاہور (b) قلعہ احمد نگر (c) کلکتہ (د) دیوگری

(x) ''اردو سفرناموں کا تنقیدی مطالعہ'' کا مصنف کون ہے

(a) اطہر فاروقی (b) انور سدید (c) وہاج الدین علوی (d) خالد محمود

حصہ دوم

2۔ 'دکن ساٹھا نہیں سنسار میں' پر ایک جامع مضمون تحریر کیجیے۔

3۔ یادگار غالب کے حوالے سے حالی کی سوانح نگاری کے امتیازات بیان کیجیے۔

4۔ مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری پر جامع مضمون تحریر کیجیے۔

5۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی انشاپردازی کے نمایاں اوصاف تحریر کیجیے

6۔ خودنوشت اور سوانح نگاری کے امتیازات کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔

7۔ اردو کے چند اہم انشائیہ نگاروں کا تعارف پیش کیجیے۔

8۔ 'ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی کچھ میری کچھ ان کی زبانی' کے حوالے سے فرحت بیگ کی خاکہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔

9۔ غیر افسانوی ادب سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ وضاحت سے تحریر کیجیے -

حصہ سوم

10۔ کیا مشتاق احمد یوسفی طنز و مزاح کے یوسف لاثانی ہیں؟ واضح دلائل کی روشنی میں تنقیدی محاکمہ کیجیے۔

11۔ ''میں نے مراسلہ کو مکالمہ بنادیا'' اس قول کی روشنی میں غالب کی خطوط نگاری کا جائزہ لیجیے۔

12۔ رپورتاژ نگاری کی تاریخ کا جائزہ لیجیے۔

13۔ اردو میں مکتوب نگاری کی روایت کا جائزہ لیجیے۔

14۔ 'جاپان چلو جاپان چلو' کی روشنی میں مجتبیٰ حسین کی مزاح نگاری پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆